توجہ دلاؤ نوٹس

میں اس فلور کے توسط سے معزز ممبران کی توجہ ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتی ہوں۔ ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں وائس چانسلرز کی تقرری قوائد وضوابط کے برخلاف کی گئی ہے۔ ایک وائس چانسلر جو سویڈن کا شہری تھا، یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی، نوشہرہ کو تباہ وبرباد کر کے ملک سے فرار ہوگیا اور دوسرا وائس چانسلر جو کہ برطانوی شہریت کا حامل ہے، اس نے بھی صوبے کی واحد میڈیکل یونیورسٹی (خیبر میڈیکل یونیورسٹی، پشاور) کو تباہی کے دھانے پر پہنچا دیا ہے۔ اس ضمن میں ان کے تمام دستاویزات جس میں ان کا پاسپورٹ، سپریم کورٹ کے آرڈرز، ٹریول ہسٹری اور وزیر اعظم آفس کی انکوائری لف ہے۔

میری سپیکر صاحب سے گزارش ہے کہ ان کو فوراً معطل کیا جائے اور ارکان اسمبلی وغیرہ پر مشتمل انکوائری کمیٹی بنائی جائے جو کہ تین دن کے اندر انکوائری رپورٹ اسمبلی میں پیش کریں۔

ثبوت درج ذیل ہیں۔

1) برٹش پاسپورٹ کی کاپی (Annexure-A)

2) ٹریول ہسٹری (Annexure-B)

3) لاء ڈیپارٹمنٹ کا اوپینین (Annexure-C)

4) سپریم کورٹ کا فیصلہ (Annexure-D)

5) خیبر میڈیکل یونیورسٹی کا خط جس میں تمام سٹاف کو اپنی دہری شہریت کو واضح کرنے کا کہا گیا ہے۔ (Annexure-E)

6) خیبر میڈیکل یونیورسٹی کا سیکٹری ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، پشاور کو خط جس میں تمام سٹاف کا Data بھجوایا گیا ہے لیکن دہری شہریت والے واحد ملازم (Mr. Arshad Javed,Vice Chancellor) کے بارے میں معلومات فراہم نہیں کی گئی ہے اور حقائق کو چھپایا گیا ہے جو کہ سنگین جرم ہے۔ (Annexure-F)

7) لیور ٹرانسپلانٹ سنٹر کے لئے ایک ارب روپے کے گرانٹ کے بارے میں پرائم منسٹر انسپکشن ٹیم کی انکوائری خط۔ (Annexure-G)

مزید یہ کہ تمام سرکاری یونیورسٹیوں کے وائس چانسلروں کی شہریت، تعلیمی اسناد اور یونیورسٹیوں میں کی گئی Appointments کی تحقیقات ایماندار آفسران پر مشتمل کمیٹی سے کرائی جائے۔

نگہت اورکزئی
ممبر صوبائی اسمبلی

Discussed and forward to the concerned quarters.
07/01/2020

CALL ATTENTION NOTICE

Session No. 10 ﷼

Notice No. 914

Received Time: 4:50

Received Date: 7/1/2020

From Mr. / Ms. نگہت اورکزئی, MPA

Receiver Sign: ____